© rasailojaraid.com

٩٨٨٥

ان اللہ ھو الحق

دفتر

# ماہنامہ الحق

دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

محترم المقام زید مجدکم السامی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'

مدت سے احباب کا تقاضا اور اس ضرورت کا احساس رہا ہے کہ دار العلوم سے قرآن وسنت کی تعلیمات کی پرچار، اکابر سلف، اور محقق علماء کے ارشادات وافادات کی اشاعت کیلئے ایک علمی واصلاحی ماہوار پرچہ جاری ہو جس کے ذریعہ عصر حاضر کے دینی واخلاقی فتنوں کا مدلّل جواب، الحاد ودہریت کا مقابلہ اور ملّتِ مسلمہ کی دینی رہبری ہو نیز اس کے ذریعہ دار العلوم کا اپنے فضلاء، معاونین اور متعلقین سے رابطہ مضبوط شکل میں قائم رہ سکے۔ اس مقصد کیلئے "الحق" کے نام سے علمی مجلہ کا آغاز ہو چکا ہے۔ اور اس کا پہلا شمارہ خدمتِ اقدس میں ارسال ہے ——— ظاہر ہے کہ ایک خالص دینی پرچہ کی کامیابی کا دارومدار آپ ہی کے تعاون پر ہے کہ خود بھی اس علمی رسالہ کے خریدار بنیں اور اپنے حلقۂ تعارف میں بھی اس مرکزِ علمی کے ترجمان کی اشاعت فرمادیں اور جتنا بھی ہو سکے خریدار مہیا فرمادیں۔ براہ کرم علمی ودینی تقاضوں اور دار العلوم سے تعلق اور محبت کی بناء پر اوّلین فرصت میں اپنے اور اپنے احباب کا سالانہ چندہ خریداری ارسال فرمادیں کہ پرچہ آپ کے نام جاری رکھا جا سکے۔ یا وی پی بھیجنے کا حکم صادر فرمادیں جواب کا انتظار رہے گا ——— چندہ سالانہ مبلغ چھ روپے مینجر ماہنامہ "الحق" دار العلوم حقانیہ کے نام ارسال فرمادیں۔

والسلام

بندہ عبد الحق غفرلہ'

مہتمم دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک (ضلع پشاور)

© rasailojaraid.com